فقہی اقتباسات

نماز کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنا

(مفتی محمد صالح العثیمین ' رکن ' مستقل فتویٰ کونسل سعودی عرب)

س : فرض نمازوں کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنے کا کیا حکم ہے ؟

ج : پانچوں نمازوں اور نمازِ جمعہ کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنا دو شرطوں کے ساتھ سنت ہے۔

۱۔ اتنی بلند آواز نہ ہو کہ جو چیخنے چلانے کے مترادف ہوتی ہے۔

۲۔ اس کے قریب کوئی شخص اپنی باقی ماندہ نماز مکمل کرنے میں مصروف نہ ہو۔

بلند آواز سے ذکر کرنے پر دلیل صحیح بخاری شریف کی حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی بیان کردہ یہ روایت (حدیث) ہے۔

"حضور ﷺ کے زمانے میں لوگ جب فرض نماز سے فارغ ہوتے تو بلند آواز سے ذکر کیا کرتے تھے۔"

(بشکریہ مجلد الدعوۃ ' الریاض ' السعودیہ ' شمارہ ۱۷۶۴ ' ۱۹ / اکتوبر ۲۰۰۰ء ' صفحہ ۵۲)

کریڈٹ کارڈ کا استعمال ناجائز ہے

مجمع الفقہی الاسلامی الدولی نے اپنے اجلاس مورخہ ۲۳ تا ۲۸ ستمبر ۲۰۰۰ء بمقام الریاض سعودی عرب۔ اہل علم وعلمائے بلادِ عربیہ واسلامیہ کی متفقہ رائے سے یہ طے کیا کہ :

۱۔ ایسے تمام کریڈٹ کارڈز کا اجراء ناجائز ہے جو سودی فوائد و منافع کے ساتھ مشروط ہوں اگرچہ کارڈ ہولڈر مدتِ مقررہ کے اندر ادائیگیوں کی نیت وارادہ سے ہی کیوں نہ جاری کروائے۔

۲۔ اگر سودی فوائد / منافع کی شرط کے بغیر کارڈ جاری کئے جائیں تو وہ صرف اس صورت میں جائز ہوں گے جبکہ :